SECOND CLASS MAIL
REGISTRATION NO. 4980
ISS NO. 0229-5644




بسم الله الرحمن الرحيم
نحمده ونصلي على رسوله الكريم

لا اله الا الله محمد رسول الله

COPY 2

# AHMADIYYA GAZETTE Canada

Maulvi Munir-ud-din Shams,
Amir & Missionary in charge

EKHA 1363 H.S. MUHARRAM/SAFAR 1405 A.H. OCTOBER 1984

00203
AHMAD, USMAN
17 FLINTWICK DR.
SCARBOROUGH ONT.
M1P 4H1

## COMMENTARY
### ON A VERSE OF THE HOLY QUR'AN

وَإِنَّ لَكُمْ فِي الْأَنْعَامِ لَعِبْرَةً نُسْقِيكُمْ مِمَّا فِي بُطُونِهَا
وَلَكُمْ فِيهَا مَنَافِعُ كَثِيرَةٌ وَمِنْهَا تَأْكُلُونَ

*Wa Inna Lakum Fil An'ame La Ibratan, Nusqeekum Mimma Fee Botooneha, Wa Lakum Feeha Manafe'o Kaseeratun Wa Minha Ta'koloon.*

*"And in the cattle also there is a lesson for you. We give you to drink of that which is in their bellies and you have in them many benefits, and of them you also eat;* (23:22)

The verse means to say that man derives great benefits from the cattle. They are living machines which produce for him such a wholesome and nutritious food as milk, from fodder, grain herbage and leaves of trees, *etc.*, which they eat. Man has so far failed to devise a machine which like these Divinely devised machines could produce milk from these things. The word عبرة , meaning an *indication* or evidence whereby one passes from ignorance to knowledge, seems to allude to the subtle process which takes place in the bellies of some of the animals turning grass or herbage eaten by them into pure and wholesome milk and by pondering over which one is led to acquire an insight into God's great power and into the subtle ways through which Divine laws work. By this simile of grass and milk we are led to visualize that just as fodder, grain and grass cannot produce milk without passing through the wonderful machine created by God in the bellies of animals. Similarly, human reason which is like grass and grain and cannot produce, without the aid and assistance of Divine revelation, a teaching which, like milk, is very useful for man's moral and spiritual development.

## A Book on "Seerat"

**If you can write :**
**Please write the Life of the Promised Messiah, alaihissalam.**
**If your book happens to be the best, you will be awarded a prize by Hazrat Khalifatul Masih IV at a function of the Jamaat.**
**You may chalk out the plan of the book and contact :**

**VAKIL-UT-TASNIF**
**Thrik-i-Jadid, Rabwah (Pakistan)**

**who is always at your disposal for consultation before or during the process of writing the book. The book is require to be written in the following languages :**
**Urdu, English, French, Housa and Indonesian. Pick any of these languages in which you think you can write better.**

Vakilut-Tasnif,
Tahrik-i-Jadid, Rabwah, Pakistan

Ahmadiyya Movement in Islam, Canada
BAIT—UL—AAFIAT
1306 Wilson Avenue
Downsview, Ontario
M3M 1H5 • Tel. No. (416) 249 - 3420

EDITORS: YUSUF KHAN & AZFAR SHAH

FROM THE MAYOR OF SCARBOROUGH

CITY OF
SCARBOROUGH

October 6, 1984

**MESSAGE FROM THE MAYOR ....**

I do appreciate your courtesy in extending to me the kind invitation to join with you and the Members at the Seventh Annual Convention of THE AHMADIYYA MOVEMENT IN ISLAM (ONTARIO INC.), to be held on October 6 and 7, 1984 at the David & Mary Thomson Collegiate in the City of Scarborough.

I would extend to the Amir and Missionary-in-Charge and all the Members of the Islamic Movement, a warm welcome from the City of Scarborough to all those attending your Convention from other Canadian cities and from countries abroad.

With more than 10,000,000 followers of your faith around the world and new missions being opened in Canada in major cities across this land of ours, I am pleased you have selected the City of Scarborough as the place to hold your Seventh Annual Convention and Religious Service.

We in local government are well aware that we are in the midst of a changing society with immigrants to our Country bringing many new faiths and teachings which are thousands of years old, each with distinct spiritual values that we must learn to understand and appreciate. It is my hope that our society will accept these ancient teachings and that we all can live together in peace and harmony which objective is ingrained in our Canadian experience and history.

I would congratulate you on your efforts in convening this conference and I hope your visit to the City of Scarborough will be an enriching religious experience.

Yours truly,

MAYOR

GH*eg

The following letter was addressed to His Holiness Pope John Paul II when he visited Toronto in September, 1984 by Maulvi Muniruddin Shams Ameer & Missionary in charge Jamaat Ahmadiyya Canada :-

September 13, 1984

His Holiness Pope John Paul II
St. Paul's Church
Bloor Street East
Toronto

Your Holiness,

I, as the humble servant of Islam, on behalf of the members of the Ahmadiyya Movement in Islam in Canada, extend to your Holiness our heartiest greetings and extend to your Holiness an invitation to Islam.

On arrival on September 10th in Quebec City, Your Holiness spoke of a dialogue within the Church, we warmly welcome your wishes. Your Holiness has voiced an invitation which was extended by Islam fourteen hundred years ago. The Holy Quran offers an open standing invitation when it says:

قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ تَعَالَوْا اِلٰى كَلِمَةٍ سَوَآءٍ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ اَلَّا نَعْبُدَ اِلَّا اللّٰهَ وَلَا نُشْرِكَ بِهٖ شَيْـًٔا وَّلَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ

"O people of the Book! Come to the word equal between us and you - that we worship none but Allah, and that we associate no partner with Him, and that some of us take not others for Lords besides Allah" (Ch3:65), and further it says:

وَتَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ

"and help one another in righteousness and piety; but help not one another in sin and transgression."(Ch5:3).

Hazrat Mirza Tahir Ahmad, the supreme head of the Ahamdiyya Movement in Islam and the fourth Caliph to the Promised Messiah, (Hazrat Mirza Ghulam Ahmad of Qadian), is currently engaged in a gigantic effort to strive for world peace, freedom of religion, conscience and faith. Your Holiness is held with great reverence in the Christian world and we urge your Holiness to join hands with the Ahmadiyya Movement in Islam in achieving this sacred goal.

The "real healing within the Church" can only begin with a meaningful dialogue, and it is in this spirit that we extend the hand of friendship and goodwill. The verses quoted above from the Holy Quran are a constant reminder that an effort has to be made to achieve a better understanding and respect for each other and thereby lead the humanity to the "living God". A joint effort must be made to save the humanity and specially the North American Civilization from the Divine punishment that has been foretold by the Holy Bible and the Holy Quran.

Cont'd on p. 11

## OFFICE BEARERS

On Monday October 8, 1984 elections for Office Bearers of Jamaat Ahmadiyya were held during Majlis-e-Shoora at Bait-ul-Aafiat, and Hazrat Ameerul Mominin Syeddana wa Maulana Khalifatul Masih IV , may Allah always strengthen him with His support and succour, has very graciously approved the election of the following:-

| | |
|---|---|
| NATIONAL PRESIDENT | Mr. Abdul Aziz Khalifa |
| GENERAL SECRETARY | Mr. Kaleem Ahmad Malik |
| SECRETARY MAL (FINANCE) | Mr. Shamsul Huda Shah |
| SECRETARY TABLIGH (PREACHING) | Mr. Mohammed Yusuf Khan |
| SECRETARY TARBIYYAT (EDUCATION) & WASSAYA | Mr. Bashir Ahmad Chaudhary |
| SECRETARY TAHRIK-i-JADID | Mr. Munawar Ahmad Butt |
| SECRETARY JUBILEE FUND | Mr. Naseer Ahmad Khan |
| DIRECTORS | (1) Mr. Abdul Aziz Khalifa |
| | (2) Mr. Moeen Mahmood Janjua |
| | (3) Mr. Yusuf Ahmad Syed |

NOTE:- Vakil-ut-Tabshir and Ameer & Missionary in charge are ex-officio Directors.

May Allah, the Almighty, help all of the Office Bearers to perform their duties and obligations to the fullest. May He sustain them all and enable them to work only for His sake and love and may they discharge their responsibilities to all of Allah's creatures in general and Ahmadis in particular. Ameen.

(sgd) Muniruddin Shams
Ameer & Missionary in charge.

---


Cont'd from p. 10

**We, the members of the Ahmadiyya Movement in Islam offer to your Holiness, one of the most precious gifts that can be presented - the Holy Quran and other books relating to Islam and Ahmadiyyat (delivered separately to Reverend Brian Clough).**

**We pray that this tour of His Holiness to Canada may prove to be a turning point for the world peace.**

**Yours sincerely,**
**For the Ahmadiyya Movement in Islam**

**Munir ud Din Shams**
**Ammeer and Missionary in Charge of the Ahmadiyya Movement in Islam in Canada**



Maulvi Muniruddin Shams delivering his keynote speech at the Jalsa.

## IMPORTANT ANNOUNCEMENTS

In his keynote address to the 1984 Jalsa Salana of Canada Jamaats held on 6 & 7 Oct., 1984 at David & Mary Thomson Collegiate Institute, the Ameer & Missionary in charge Maulvi Muniruddin Shams making the closing speech stressed to the audience the importance of Tabligh which Hazrat Ameerul Mominin Syeddana wa Maulana Khalifatul Masih IV has been constantly imparting to the Jamaat and which Hazur has required each and every Ahmadi to be Da'ai il-lallah.
He informed the audience that Hazur requires that every Ahmadi must contact at least ten non-Ahmadis before the end of December 1984 and take to them the message of Ahmadiyyat. All are required to send a report to the Ameer & Missionary in charge of their activities.
He further informed the gathering that Hazur also require that in '85 every month each Ahmadi must make contact with at least ten (10) non-Ahmadis and by this way the circle of contact will be greatly enlarged and some progress made in Tabligh.
The second important item which the Ameer dilated upon was promises made to the Mission Fund, should be fully honoured before year-end so as to enable the Jamaat to pay off its loan to Markaz and help acquire a Mosque in Canada. He then appointed the following members to report on a specific parcel of land in Markham, which was recommended by the Mosque Committee:- (1) Mr. Bashir Ahmad Chaudhary (who was later named chairman) (2) Mr. Munawar Ahmad Butt and Mr. M. Yusuf Khan. This sub-committee was given two weeks, in which time to finalise and submit their report.
After the Ameer's speech a resolution was unanimously passed condemning the Ordinance passed by the Gov't of Pakistan against Ahmadis and urging its immediate withdrawal.
A full report of the Jalsa will, Insha Allah, appear in next issue of the Gazette.

A cross-section of the audience showing some of the dignitaries who came from abroad.
In the front row from right to left:- Al-Haj Muzzafar Ahmad Zafar - Pres. Jamaat Ahmadiyya U.S.A., Br. Habib from Dayton, Ohio, Mufti-e-Jamaat Ahmadiyya Malik Saifur Rahman, Pakistan and Maulvi Inamul Haq Kausar, Missionary USA







بسم اللہ الرحمن الرحیم

ماہنامہ

# احمدیہ گزٹ

کینیڈا ٹورانٹو

| اکتوبر ۱۹۸۴ء | محرم ۱۴۰۵ھ ق | اخاء ۱۳۶۳ھ ش |
| --- | --- | --- |

**امیر و مبلغ انچارج:** منیر الدین شمس

**ایڈیٹر:** حسن محمد خان عارف


ارشاداتِ عالیہ سیدنا حضرتِ اقدس بانیٔ سلسلہ عالیہ احمدیہ

## خدا تعالیٰ بندوں کی آزمائش کی خاطر نشان دکھانے میں عمداً تاخیر کرتا ہے

### ایمان لانا اُس وقت فائدہ دیتا ہے جب حقیقت ابھی قدرے مستور ہو

### جب غیبی نشان ظاہر ہوتا ہے اُس سے کم لوگ فائدہ اُٹھاتے ہیں!

"اَب پھر ذرہ غور کر کے اِس بات کو سمجھ لینا چاہیئے کہ ایمان کِس بات کو کہتے ہیں اور ایمان لانے پر کیوں ثواب مِلتا ہے...... ایمان لانا اس طرزِ قبول سے مُراد ہے کہ جب بعض گوشے یعنی بعض پہلو کِسی حقیقت کے جس پر ایمان لایا جاتا ہے مخفی ہوں اور نظرِ دقیق سے سوچ کر اور قرائنِ مرجحہ کو دیکھ کر اِس حقیقت کو قبل اِس کے کہ وُہ بکلّی کھُل جائے قبوُل کر لیا جائے۔ یہ ایمان ہے جس پر ثواب مترتب ہوتا ہے اور اگرچہ رسُولوں اور نبیوں اور اولیاءِ کرام علیہمُ السّلام سے بلاشبہ نشان ظاہر ہوتے ہیں۔ مگر سعید آدمی جو خُدائے تعالیٰ کے پیارے ہیں اُن نشانوں سے پہلے اپنی فراستِ صحیحہ کے ساتھ قبول کر لیتے ہیں اور جو لوگ نشانوں کے بعد قبوُل کرتے ہیں وہ لوگ خدائے تعالیٰ کی نظر میں ذلیل اور بے قدر ہیں۔ بلکہ قرآنِ کریم باوازِ بلند بیان فرماتا ہے کہ جو لوگ نشان دیکھنے کے بغیر حق کو قبوُل نہیں کر سکتے وہ نشان کے بعد بھی قبوُل نہیں کرتے۔ کیونکہ نشان کے ظاہر ہونے سے پہلے وہ بالجہر مُنکر ہوتے ہیں اور علانیہ کہتے پھرتے ہیں کہ یہ شخص کذّاب اور جھُوٹا ہے۔ کیونکہ اُس نے کوئی نشان نہیں دکھلایا۔ اور اِن کی ضلالت کا زیادہ یہ موجب ہوتا ہے کہ خُدائے تعالیٰ بھی بباعثِ آزمائش اپنے بندوں کے نشان دکھلانے میں عمداً تاخیر اور توقف ڈالتا ہے اور وہ لوگ تکذیب اور انکار میں بڑھتے جاتے ہیں یہانتک کہ اِنکار میں ترقی کرتے کرتے اپنی راؤں کو پُختہ کر لیتے ہیں ..................

تب اُس وقت عنایتِ الٰہی توجہ فرماتی ہے کہ اپنے عاجز بندے کی عزت اور صداقت ظاہر کرنے کے لئے کوئی اپنا نشان ظاہر کرے۔ سو اُس وقت کوئی غیبی نشان ظاہر ہوتا ہے جس سے صِرف وہ لوگ فائدہ اٹھاتے ہیں جو پہلے مان چکے تھے اور انصارِ حق میں داخل ہو گئے تھے یا وہ جنہوں نے اپنی زبانوں اور اپنی قلموں اور اپنے خیالات کو مخالفانہ اظہار سے بچا لیا تھا۔ لیکن وہ بدنصیب گروہ جو مخالفانہ راؤں کو ظاہر کر چکے تھے وہ نشان دیکھنے کے بعد بھی اسکو قبول نہیں کر سکتے کیونکہ .... اقرار کرنا انکے لئے مرنے سے بھی زیادہ سخت ہو جاتا ہے۔"

(روحانی خزائن جلد پنجم صفحہ ۳۳۶-۳۳۵)

## دعوۃ الی اللہ اور مشنز فنڈ کینیڈا

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ارشادات اور خواہش کو مدّنظر رکھتے ہوئے کینیڈا جماعت کے تمام افراد سے درخواست ہے کہ براہ کرم:

(۱) دسمبر ۱۹۸۴ء کے آخر تک کم از کم دس غیر از جماعت و غیر مسلم احباب تک اور پھر جنوری ۸۵ء سے ہر ماہ کم از کم دس افراد تک ضرور پیغام حق پہنچا کر عند اللہ ماجور ہوں۔

(۲) دسمبر ۱۹۸۴ء کے آخر تک کینیڈا کے لئے مشنز فنڈ میں کئے گئے وعدہ جات کی مکمل رقم ورنہ زیادہ سے زیادہ ادائیگی کر کے حضور کی دعاؤں کے وارث بنیں۔ اور جنہوں نے وعدے نہیں کئے وہ براہ کرم جلد از جلد وعدہ کر کے ادائیگی بھی کر دیں۔ جزاکم اللہ احسن الجزاء۔ خاکسار منیر الدین شمس (امیر و مبلغ انچارج)

# ضروری اعلان

قبل ازیں ۲۰ اور ۲۷ ستمبر ۱۹۸۴ کی اخبار الفضل میں ضروری اعلان۔ احباب جماعت
..." فرمائیں" کے عنوان کے تحت شائع ہو چکا ہے۔ احباب سے درخواست ہے کہ براہ کرم خود ...
ے تجاویز طلب مسائل کے بارہ میں اگر وہ کوئی تجویز رکھتے ہوں تو ۱۵ نومبر ۱۹۸۴ء تک معیّن
اظ میں اپنی تجاویز مکرم و محترم وکیل المال صاحب ثانی ربوہ کو بھجوا دیں۔
مجلس مشاورت ۸۳ء میں مجوزہ قواعد وصیت پیش ہوئے تھے۔ جو بعض ترامیم کے ساتھ منظور
کر لئے گئے تھے۔ مندرجہ ذیل امور کے بارہ میں حضور اقدس نے یہ ارشاد فرمایا تھا کہ یہ نظر ثانی کیلئے مشیر انگ
(نظارت بہشتی مقبرہ) کے سپرد کئے جاتے ہیں۔ احباب جماعت دوران سال مزید غور کریں اور اپنے
یے مرکز کو بھجوائیں۔ حضور اقدس کے ارشاد کی تعمیل میں احباب جماعت سے
خواست ہے کہ وہ فوری طور پر اپنی مفید آراء سے مطلع فرمائیں تاکہ ان تجاویز کو
نظر رکھکر زیر غور امور کے بارہ میں کسی فیصلہ پر پہنچکر سفارشات مرتب کی جاسکیں۔ شکریہ۔
(مبارک مصلح الدین - وکیل المال ثانی)

## ہاؤس رینٹ الاؤنس وغیرہ (آمد سے استثناء کے سلسلہ میں)

ہاؤس رینٹ کی متعدد صورتیں ہیں۔ بعض پرائیویٹ اور نیم سرکاری ادارے اور
کمپنیاں اپنے ملازمین کو فرنشڈ (FURNISHED) رہائش مہیا کرتی ہیں۔ اور
یہ کے لئے کچھ نقد رقم نہیں دیتے۔
بعض ادارے ایک معین رقم بطور کرایہ الاؤنس کے دیتے ہیں اور وہ عملاً کرائے
پر ہی صرف ہو جاتا ہے۔ بعض ادارے تنخواہ کا ایک معیّن فی صد بطور کرایہ الاؤنس
دیتے ہیں اور وہ کرایہ پر اٹھ جانے والی رقم سے کم ہوتا ہے۔
بعض کیسز (CASES) ایسے ہیں کہ ملازم کا اپنا ذاتی مکان ہے اور وہ
محکمہ سے کرایہ الاؤنس وصول کرتا ہے۔
بعض سرکاری ادارے یا گورنمنٹ اپنے ملازمین کو سرکاری مکان مہیا کرتی ہے
اس کے عوض ان کو ہاؤس رینٹ نہیں دیتی۔ بلکہ ان کی بنیادی تنخواہ ۵ سے
فیصد کٹوتی بھی کرتی ہے۔
یہ مسئلہ اس بات کا متقاضی ہے کہ ایسا جامع اور مانع قاعدہ تجویز کیا جائے
ہر شخص کو مطمئن کر دے۔ کہ اس کے ساتھ قربانی کے معیار کے لحاظ سے یکساں
سلوک ہو رہا ہے۔ وصیت کی اغراض کی خاطر ایسا قاعدہ بنایا جانا مقصود ہے کہ جو
ف ما لا یطاق نہ ہو اور قربانی کی وہ روح بھی قائم رہے جو حضرت مسیح موعود
کرنا چاہتے ہیں۔ اس مختلف النوع الجھے ہوئے مسئلہ کی صورتوں کو مدّنظر
رکھتے ہوئے اور ان دونوں اصولوں کو ملحوظ رکھ کر احباب جماعت غور فرماکر اپنا
ورہ معین صورت میں بھجوائیں۔ تاکہ کوئی حتمی قاعدہ بنایا جاسکے۔
ایسے موصیان جن کا صرف ایک مکان ہو اور وہ خود اس میں رہائش پذیر ہوں
کے لئے سہولت کی کوئی صورت پیدا کی جانی مقصود ہے۔
محدود آمد والے موصی صاحبان جو خود اپنے ذاتی مکان میں رہتے ہیں اور ان
کی اور جائیداد نہیں ہے۔ ان کے لئے اپنی آمد میں سے اقساط ادا کرنا مشکل امر
- احباب جماعت اس کا کوئی ایسا حل تجویز فرمائیں کہ نظام وصیت جس کو
حضرت مسیح موعودؑ نے رسالہ "الوصیت" میں بیان فرمایا ہے۔ اس کی روح کو
مجروح کئے بغیر ایسے موصی کے لئے سہولت کی کوئی صورت نکل سکے۔

**ئش** مکرم عبد الحئی بشارت صاحب کو اللہ تعالیٰ نے ۲ ستمبر کو بیٹی عطاء فرمائی
ہے۔ حضور اقدس نے نام مظفرہ طاہرہ حنیٰ تجویز فرمایا ہے۔ نومولودہ
محترم گیانی واحد حسین صاحب مرحوم رضی اللہ عنہ کی نواسی ہے۔ دعا ہے اللہ تعالیٰ نومولودہ کو
اپنے حفظ و امان میں رکھے۔ والدین کیلئے قرۃ العین ہو اور سچی خادمہ دین بنے۔ آمین۔

بقیہ خطبہ جمعہ: فرماتے ہیں کوئی پرواہ نہیں تجھے خدا پہنچا دے یہ بات کہ تیرے عشق میں ایک دیوانہ اِس طرح تڑپتا رہا ہے اور تیری خاطر ساری دنیا اس کو کافر و ملحد و دجال کہہ رہی ہے۔ دن رات اس کو گالیاں دے رہی ہے۔ تجھے علم ہو جائے تو میں راضی ہوں۔ یہی میری جنت ہے۔ تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں اپنے بندوں کو بتاتا ہوں کہ تمہیں وہ جنت نصیب ہو چکی ہے۔ کوئی نفرت کی نگاہ ایسی نہیں ہے جو تم پر پڑتی ہو اور اس کے مقابل پر محبت کی نگاہیں میں نہ ڈال رہا ہوں۔ کوئی دُکھ تمہیں نہیں پہنچ رہا جس کے متعلق میں اِرادہ نہ کر چکا ہوں کہ اُسے بے انتہا فضلوں میں تبدیل کر دیا جائے گا۔ کوئی اندھیرا نہیں ہے۔ جس میں سے تم میری خاطر گزر رہے ہو۔ مگر میں تمہیں بتاتا ہوں کہ جو روشنیوں میں تبدیل کیا جائے گا۔ تم نے بہت ہی حسین نظارے دکھائے۔ مگر خدا احسن رنگ میں تمہیں بدلے عطا فرمائے گا۔

یہ ہے وہ مضمون جس کو قرآن کریم نے نہایت ہی لطیف پیرائے میں بیان فرمایا۔ اور آج اِس مضمون کی تصویریں پاکستان میں کثرت سے بن رہی ہیں۔ اِس لئے

## بکثرت دُعا کریں

اپنے مظلوم بھائیوں کے لئے کہ اللہ ان کو حوصلے دے۔ اور اُن کی توجہ ہمیشہ اِس بات کی طرف رہے کہ جس ذات کی خاطر ہم یہ کر رہے ہیں۔ وہ ہمیں دیکھ رہی ہے۔ ایک لمحہ بھی خدا کی حضوری سے باہر نہ کٹے اُن کا۔ کیونکہ اگر یہ علم ہو کہ میرے محبوب کو معلوم ہو رہا ہے تو پھر کوئی دُکھ دُکھ نہیں رہا کرتا۔ پھر اعلےٰ صفات کا اِنسان اپنے اعلیٰ مقاصد کو پا جاتا ہے۔ وہی اُس کی جنت ہوتی ہے۔ وہی اُس کا بدلہ ہُوا کرتا ہے۔

خطبہ ثانیہ کے دوران حضور ایدہُ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:۔

اِس ضمن میں یہ بھی خوشخبری میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ پاکستان کے احمدیوں پر جس قسم کے حالات ہیں اُس کے نتیجے میں اُن کی

## قُربانی کا جذبہ بہت زیادہ اُبھر چکا ہے

اللہ کے فضل کے ساتھ۔ ابھی مجھے جو اطلاع ملی ہے ناظر صاحب بیت المال کی طرف سے اُس اطلاع سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اِن مخدوش حالات میں چندہ گرنے کی بجائے پہلے سے بہت بڑھ گیا ہے۔ اور ۱۰ تاریخ تک ابھی بجٹ کا کافی عرصہ باقی ہے یعنی بیس دِن وصُولی کے باقی ہیں۔ اور اِن بیس دنوں کے اندر یعنی ۱۰ سے لے کر آخر ماہ تک عموماً رقمیں زیادہ آیا کرتی ہیں۔ تو ناظر صاحب اعلیٰ نے مجھے یہ اطلاع دی ہے کہ ناظر صاحب بیت المال کی اطلاع کے مطابق اب تک گزشتہ سال سے اکتیس لاکھ روپے زائد وصول ہو چکے ہیں خدا کے فضل و احسان کے ساتھ۔ تو عجیب یہ جماعت ہے، کون دُنیا میں اِس جماعت کو شکست دے سکتا ہے؟ کون اِس سے ٹکر لے سکتا ہے؟ یہ مختلف لوگ ہیں۔ ان کا عام دُنیا کے انسانوں کو تصور بھی نہیں ہو سکتا کہ کیا مخلوق خدا نے پیدا کر دی ہے۔ وہی مخلوق ہے جو حضرت اقدس محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم نے پیدا فرمائی تھی۔ اور آپؐ کے سوا کوئی پیدا کر بھی نہیں سکتا۔ یہ معجزہ ہر کس و ناکس کے بس میں ہے ہی نہیں کہ حقیر گندے دُنیا کے کیڑوں کو اُٹھائے مٹھی میں اور پھر وہ بنا کے رکھ دے جو محمد رسول اللہ صلعم کے صحابہؓ تھے۔ یا جو آج احمدی خدا کے فضل سے پاکستان میں بس رہے ہیں۔ یا باقی دُنیا میں بس رہے ہیں۔

## ہر ایک کا یہی حال ہے

دراصل بعضوں پر ابتلا آگیا ہے۔ اور انہوں نے اپنی وفا کے ساتھ، اپنے خلوص کے ساتھ اپنی اندرونی خوبیوں کو ظاہر کر دیا ہے۔ بہت سے ایسے ہیں جو قرآن کریم کے بیان کے مطابق مُنتظر ہیں۔ جب اُن کو آزمائش میں ڈالا جائے گا تو وہ بھی ویسے ہی صادق ثابت ہوں گے۔ تو اللہ کا بہت بڑا احسان ہے۔ اور اس پر جتنا بھی شُکر کیا جائے کم ہے کہ مُصیبت کی انتہاء کے وقت بھی پاکستان کی جماعتوں نے قُربانی کی بھی انتہاء کر دی ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

(منقول از "بدر" ۲۶ جولائی ۱۹۸۴ء)

## اعلانِ نکاح

مؤرخہ ۴ اگست ۱۹۸۴ء کو بعد نماز عشاء
میڈیسن (وسکانسن امریکہ) میں جماعتہائے احمدیہ امریکہ کے جلسہ سالانہ کے موقعہ
پر امیر و مبلغ انچارج امریکہ مکرم و محترم مولانا شیخ مبارک احمد صاحب نے مکرمہ محترمہ زبیدہ
مبارکہ جنجوعہ صاحبہ بنت مکرم و محترم محمد برکات الٰہی جنجوعہ صاحب صدر جماعت احمدیہ
مانٹریال کینیڈا کا نکاح ہمراہ مکرم ڈاکٹر محمد ادریس منیر صاحب ابن مکرم و محترم مولانا
محمد اسماعیل منیر صاحب مبلغ سلسلہ احمدیہ پڑھا۔ مکرم ڈاکٹر محمد ادریس صاحب اِن
دنوں ہیوسٹن میں جینیٹک انجینئرنگ میں ریسرچ کر رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے
دعا ہے کہ اس رشتہ کو ہر لحاظ سے بابرکت فرمائے۔ آمین۔

## جلسہ سالانہ قادیان

## ۱۸-۱۹-۲۰ فتح (دسمبر) ۱۳۶۳ ہش / ۱۹۸۴ء

## کی تاریخوں میں منعقد ہوگا۔

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی
منظوری سے اعلان کیا جاتا ہے کہ اس سال جلسہ سالانہ قادیان انشاء اللہ
۱۸-۱۹-۲۰ فتح/دسمبر ۱۳۶۳ ہش / ۱۹۸۴ء کی تاریخوں میں منعقد ہوگا۔
احباب جماعت اس روحانی اجتماع میں شرکت کیلئے ابھی سے
تیاری شروع فرمائیں۔
اللہ تعالیٰ احباب کو توفیق عطاء فرمائے کہ وہ زیادہ سے زیادہ
تعداد میں اِس عظیم روحانی اجتماع میں شرکت فرما سکیں۔

(ناظر دعوۃ و تبلیغ قادیان)

## افسوسناک وفات

ٹورانٹو جماعت کے مخلص اور نیک
بزرگ مکرم و محترم آغا عبدالرحمٰن صاحب محشر مؤرخہ ۶ اکتوبر ۱۹۸۴ء کو
ٹورانٹو میں ہی اچانک حرکت قلب بند ہونے سے وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ
راجعون۔ آپ کی عمر قریباً ۷۵ سال تھی۔ مکرم و محترم آغا صاحب دیندار۔ تقویٰ
شعار اور نہایت مخلص احمدی تھے۔ بہت دعا گو اور ہر ایک سے محبت و شفقت
سے پیش آنیوالے تھے۔ آپ موصی بھی تھے۔
آپکی نماز جنازہ مکرم و محترم منیر الدین صاحب شمس نے ۸ اکتوبر کو پڑھائی۔
جسمیں کثیر تعداد میں احباب شامل ہوئے۔ ۹ اکتوبر کو تدفین کے بعد محترم
شمس صاحب نے دعا کرائی۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے۔ اعلیٰ علیین
میں جگہ دے اور سب لواحقین کو صبرِ عظیم عطا کرتے ہوئے انکی نیک خوبیوں کا وارث
بنائے۔ آمین۔

## جماعت کیتھولک فرقہ کے پوپ جان پال دوئم کو قرآن کریم کے ساتھ اسلامی لٹریچر کی پیشکش اور اشتراکِ باہمی کی دعوت

پوپ جان پال دوئم کی ٹورانٹو میں ماہ ستمبر کے وسط میں آمد کے مو[قع]
پر جماعت کینیڈا کے امیر و مبلغ انچارج نے جماعت کیتھولک فرقہ ان کی خدمت میں قرآن
مع انگریزی ترجمہ و تفسیری نوٹس پیش کرنے کے علاوہ تذکرہ (انگریزی ترجمہ
اسلامی اصول کی فلاسفی (انگریزی ترجمہ)۔ احمدیت از حضرت چوہدری محمد ظفر[اللہ]
خان صاحب Muhammad—The Excellent Examples اور سیدنا حضرت خلیفۃ[المسیح]
الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا آسٹریلیا میں خطاب (انگریزی) تحفۃً پ[یش]
کیا۔ ان کے ہمراہ جناب پوپ جان پال دوئم کو تبلیغی خط بھی دیا گیا جس کا ا[ردو]
ترجمہ درج ذیل ہے:

۱۳ ستمبر ۱۹۸۴ء۔ عزت مآب پوپ جان پال دوئم۔ سینٹ پال چرچ۔
(ٹورانٹو)

جنابِ عالی! مَیں اسلام کا ایک ادنیٰ خادم ہونے کے ناطے جماعت احمدیہ کی[طرف]
سے آپکا دلی خوشی آمدید کرتے ہوئے آپکو اسلام کی دعوت دیتا ہوں۔
آپنے مؤرخہ دس ستمبر ۸۴ء کو کیوبک شہر میں تشریف لا کر عیسائی چرچ
بذریعہ تبادلۂ خیال اور افہام و تفہیم مسائل کو سلجھانے کی جو دعوت دی ہے یہ آ[پ]ہی دعو[ت]
بازگشت ہے جو آج سے چودہ سو سال قبل اسلام کیطرف سے دی گئی تھی۔ قرآن مجید میں
قُلْ يَٰٓأَهْلَ ٱلْكِتَٰبِ تَعَالَوْا۟ إِلَىٰ كَلِمَةٍ سَوَآءٍۭ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ أَلَّا نَعْبُدَ إِلَّا ٱللَّهَ وَلَا نُشْرِكَ [بِهِۦ شَيْـًٔا وَلَا]
يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا أَرْبَابًا مِّن دُونِ ٱللَّهِ (آل عمران ۶۵) ترجمہ: تو کہہ (کہ) اے ا[ہل کتاب]
(تم سے کم) ایک ایسی بات کیطرف تو آجاؤ جو ہمارے درمیان اور تمہارے درمیان برابر ہے۔ (اور وہ یہ ہے)
سوا کسی کی عبادت نہ کریں اور کسی چیز کو اُسکا شریک نہ ٹھہرائیں۔
نیز قرآن کریم مزید فرماتا ہے: وَتَعَاوَنُوا۟ عَلَى ٱلْبِرِّ وَٱلتَّقْوَىٰ ۖ وَلَا تَعَاوَنُوا۟ عَلَى [ٱلْإِثْمِ وَٱلْعُدْوَٰنِ]
(ترجمہ) اور تم نیکی اور تقویٰ (کے کاموں) میں باہم ایک دوسرے کی مدد کرو اور گناہ اور زیادتی کی (باتوں) میں [نہ کرو]
جماعت احمدیہ کے موجودہ روحانی پیشوا اور امام حضرت مرزا طاہر احمد صاحب جو حضرت مسیح موعود
کے چوتھے خلیفہ ہیں اور اس دور میں دنیا میں امنِ عالم کے قیام کیلئے ہمہ تن مصروف ہیں۔ ایسے امن کیلئے
کو مکمل آزادی حاصل ہو۔ آپکو مسیحائی دنیا میں عزت و احترام کا ایک امتیازی مقام حاصل ہے ہم آپسے گذارش کرتے
مقدس اور عظیم مقصد کے حصول کیلئے اپنے دستِ تعاون کو آگے کریں۔ اسی نیک جذبہ کے ساتھ ہم آپکے ساتھ دو[ستی]
تعاون کی پیشکش کرتے ہیں۔ جو قرآنی آیات اوپر درج کی گئی ہیں وہ ہمہ وقت اور دائمی طور پر اس مقصد کیطرف یاد د[لاتی ہیں]
سب کو بہتر رنگ میں ایک دوسرے کا احترام کرتے ہیں۔ اچھے کاموں میں ایک دوسرے کی مدد کرنی چاہئے اور مشترکہ طور پر د[نیا]
آستانہ پر جمع کرنیکی کوشش کرنی چاہئے۔ آج اس بات کی ضرورت ہے کہ باہمی جدوجہد سے انسانیت
عذاب سے بچایا جائے بالخصوص شمالی امریکہ کی متمدن اقوام کو اشتراک
عذابِ الٰہی سے بچانے کی ضرورت ہے جسکے متعلق قرآن مجید اور با[ئبل میں]
پیشگوئیاں پائی جاتی ہیں۔
آپ کی کینیڈا میں تشریف آوری کے موقعہ پر ہم ہمراہ
آپ کی خدمت میں قرآن مجید کا قیمتی تحفہ اور کچھ اسلامی ل[ٹریچر پیش]
کرتے ہیں اور دعا کرتے ہیں کہ آپ کی اِس ملک میں

امن کے قیام کے لئے ایک سنگ میل ثابت ہو۔

آپ کا خیر اندیش

منیر الدین شمس

امیر و مشنری انچارج۔ احمدیہ موومنٹ اِن اسلام۔ کینیڈا۔

---

۱۴ ستمبر کو ٹورانٹو کے سینٹ پال چرچ میں مختلف مذاہب کے ... کار اور نمائندگان کو مدعو کیا گیا تھا جہاں پوپ نے خطاب کرنا تھا۔ اس ... پر جماعت احمدیہ کے نمائندگان کو بھی دعوت دی گئی تھی۔ چنانچہ اس ... میں مکرم و محترم منیر الدین صاحب شمس کے ہمراہ مندرجہ ذیل افراد جماعت پر مشتمل وفد شامل ہوا:

مکرم خلیفہ عبد العزیز صاحب۔ مکرم میاں محمد صدیق صاحب۔ مکرم سید شریف احمد صاحب منصوری۔ مکرم مرزا فضل الرحمٰن صاحب۔ مکرم جمیل احمد سعید صاحب۔ مکرم عبد الوحید خان صاحب۔ عبد الرشید لطیف صاحب۔ اور مکرم سید حسنات احمد صاحب۔

ٹیلی ویژن پر پوپ کی اس تقریب کی کارروائی دکھاتے ہوئے ہمارے وفد کو ۴-۵ مرتبہ (مسلمانوں میں سے) دکھایا گیا اور محترم شمس صاحب کا close دکھایا گیا۔

اسی طرح ۱۵ ستمبر کو ڈاؤنز ویو ائرپورٹ پر Papal Mass میں مکرم ... صاحب کو اسلام کی نمائندگی کیلئے خصوصی دعوتنامہ کے ذریعہ مدعو کیا گیا۔ اس ... پر آپ نے مختلف فرقوں کے پادری صاحبان کو اسلام و احمدیت کا تعارف کرایا۔ ... اجتماع میں پہلے خیمہ میں اور پھر کرسیوں کی سب سے پہلی قطار میں جہاں ... کینیڈا (اور پریمیئر اونٹاریو وغیرہ بیٹھے تھے، مکرم شمس صاحب کو بھی جگہ دی گئی ... تقریب کو بھی ٹیلی ویژن پر دکھاتے ہوئے محترم شمس صاحب کو دکھایا گیا بلکہ ... کو نیشنل خبروں میں بھی اسی حصہ کو خاص طور پر دکھایا گیا۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہم سب کو حقیقی رنگ میں داعی الی اللہ بننے کی توفیق عطا فرمائے اور نیک اور سعید روحوں کو جلد حق پہچاننے اور قبول کی توفیق عطا ہو۔ آمین۔

## ٹیلی ویژن پر پیغام حق

دو ستمبر کو ٹورانٹو ٹیلی ویژن کے راجرز کیبل چینل ۱۰ پر جماعت کی طرف سے پہلے سے ریکارڈ شدہ نصف گھنٹہ کا پروگرام دکھایا گیا۔ اس پروگرام میں سوال کرنے والے امیر و مبلغ انچارج منیر الدین صاحب شمس تھے اور جواب دینے والے جماعت احمدیہ امریکہ کے نیشنل پریذیڈنٹ مکرم برادر مظفر احمد ظفر اور ہمارے ... لٹریچر کینیڈین نوجوان Mr. Vern Lahaye (عطاء الواحد) تھے۔ پروگرام میں دونوں دوستوں نے اسلام کی خوبیاں بیان کیں اور بتایا کہ اسلام قبول کرکے کیا عظیم تبدیلی دونوں اپنے اندر محسوس کرتے ہیں۔ نیز آپ دونوں نے خوبصورت اسلامی تعلیم لَآ اِکْرَاہَ فِی الدِّیْنِ کو وضاحت سے بیان کیا۔ برادر مظفر صاحب نے واضح کیا کہ حالیہ آرڈیننس محض غیر اسلامی ہے۔ اسی طرح آپ نے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی آمد کا بھی ذکر کیا۔

**II** ٹورانٹو ٹیلی ویژن کے اسی چینل پر Horizon پروگرام ہی میں ۹ ستمبر کو ہماری طرف سے ایک دوسرا پہلے سے ریکارڈ شدہ پروگرام نصف گھنٹہ کا دکھایا گیا۔ اس پروگرام میں سوال کرنے والے مکرم سید حسنات احمد صاحب تھے اور جواب دینے والے مکرم خلیفہ عبد العزیز صاحب نیشنل پریذیڈنٹ کینیڈا اور مکرم شمس صاحب تھے۔ مکرم خلیفہ عبد العزیز صاحب نے بعض اسلام پر ہونیوالے اعتراضات مثلاً "سخت سزائیں۔ تلوار سے اسلام پھیلا ہے" وغیرہ کے بادلائل جواب دئے۔ مکرم شمس صاحب نے واضح کیا کہ کیا وجوہات ہیں جنکی بناء پر باوجودیکہ اسلام کو شروع ہوئے تھوڑا عرصہ ہوا ہے، لیکن بہت تیزی سے پھیلا ہے؟ اسی طرح آپ نے حضرت مسیح پاک علیہ السلام کی آمد کا بتایا۔ دوران پروگرام حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی اور خلافت کے ذکر پر حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی شبیہ مبارک سکرین پر دکھائی گئیں۔ نیز حوالہ جات بھی Typed سکرین پر دکھائے گئے۔

ہر دو پروگراموں کے آخر پر مکرم جمیل سعید صاحب نے نہایت خوش الحانی سے سیدنا حضرت مسیح پاک علیہ السلام کا منظوم کلام در مدح حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سنایا۔ جسکا انگریزی ترجمہ ساتھ ساتھ سکرین پر دکھایا جاتا رہا۔

**III** برینٹفورڈ ٹیلی ویژن کے لوکل چینل پر جماعت کیطرف سے نصف گھنٹہ کا پروگرام ماہ ستمبر میں تین مرتبہ دکھایا گیا۔ اس پروگرام میں مکرم عزیز الرحمٰن صاحب حافظ زادہ نے رمضان المبارک اور روزوں نیز عید پر روشنی ڈالی۔

## افسوسناک وفات

محترمہ زکیہ چیمہ صاحبہ اہلیہ مکرم بشیر محمود چیمہ صاحب کے والد محترم ڈاکٹر مبارک احمد صاحب آف پشاور بعمر قریباً ۶۹ سال اچانک ۲۵ ستمبر کو پشاور میں وفات پاگئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ آپکی تدفین پشاور ہی میں عمل میں آئی۔ مرحوم مخلص احمدی تھے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے اور لواحقین کو صبر عظیم عطا فرماتے ہوئے ہمیشہ اپنی حفظ و امان میں رکھے۔ آمین۔

آپکی نماز جنازہ غائب جلسہ سالانہ کینیڈا منعقدہ ۶-۷ اکتوبر ۸۴ء کے موقعہ پر محترم شمس صاحب کی درخواست پر مکرم و محترم مولانا شیخ مبارک احمد صاحب نے پڑھائی +

# ساتواں جلسہ سالانہ کینیڈا

سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے پہلی بیعت 1889ء میں بحکم الٰہی لی اور اسکے جلد ہی بعد جلسہ سالانہ کا آغاز فرمایا۔ اصل مقصد اس جلسہ کا یہ تھا کہ قرآنی ارشاد کُونُوا مَعَ الصَّادِقِینَ کے تحت احباب آئیں اور اپنے مرشد کی باتیں سنیں اور انکی صحبت سے روحانیت میں ترقی ہو۔ وہ تقویٰ میں اپنا قدم آگے بڑھائیں اور قرب الٰہی کی راہیں انکے لئے آسان تر ہو جائیں۔ خود حضرت مسیح پاک علیہ السلام نے اس جلسہ کا مقصد یہی لکھا کہ دوست اسے عام جلسوں کیطرح نہ خیال کریں یہ کوئی میلہ ٹھیلہ نہیں۔ یہاں آکر احباب تعلق باللہ کے سامان کریں۔ نمازوں اور دعاؤں اور ذکر الٰہی سے روحانی فوائد حاصل کریں۔ پہلے جلسہ میں صرف ستتر آدمی شریک ہوسکے اور اب 1983ء کے آخر پر جو جلسہ جماعت کے عالمگیر مرکز ربوہ میں ہوا اُسمیں شامل ہونیوالے احباب کی تعداد ۲½ لاکھ سے بھی زیادہ تھی۔

آج سے قریباً ایک صدی قبل حضرت مسیح پاک علیہ السلام کی جماعت چند افراد پر مشتمل تھی اور جلسہ میں شریک ہونے کیلئے صرف ستتر احباب قادیان آسکے۔ لیکن آج یہ جماعت دنیا کے کونے کونے میں پھیل چکی ہے اور جلسہ کے ظل کے طور پر مختلف ممالک میں یہ سالانہ جلسہ منعقد کیا جاتا ہے۔ ہمارے اس ملک کینیڈا میں بھی گزشتہ سات سال سے (جب سے پہلے مبلغ سلسلہ یہاں بھجوائے گئے) یہ جلسہ سالانہ ہو رہا ہے۔ امسال بھی بعد مشورہ ۶ اور ۷ اکتوبر ۱۹۸۴ء کو اس ساتویں جلسہ سالانہ کا انعقاد ہوا۔ اس غرض سے سکاربرو کے علاقہ میں ڈیوڈ اینڈ میری ٹامپسن کالجیٹ انسٹیٹیوٹ کا آڈیٹوریم اور ہال حاصل کیا گیا تھا۔

جلسہ سالانہ میں شمولیت کی غرض سے کینیڈا کی تمام جماعتوں سے احباب جماعت شامل ہوئے۔ مجلس عاملہ کینیڈا کی سفارش کے مطابق سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کی اجازت سے امریکہ کے امیر و مبلغ انچارج مکرم و محترم مولانا شیخ مبارک احمد صاحب بھی جلسہ میں شامل ہوئے۔ (واضح رہے کہ ملک سے باہر جانے کیلئے مبلغین کرام کو خلیفہ وقت سے اجازت حاصل کرنی ضروری ہوتی ہے)۔ آپ کے ہمراہ نیویارک میں متعین مبلغ سلسلہ مکرم و محترم انعام الحق صاحب کوثر، امریکہ کے نیشنل پریزیڈنٹ مکرم و محترم مظفر احمد صاحب ظفر اور مکرم و محترم پروفیسر خلیل احمد صاحب ناصر نیز دیگر قریباً ۲۰ احمدی احباب اور خواتین بھی شامل ہوئے۔ اسیطرح انگلستان سے مکرم و محترم منور احمد صاحب جیلی مع فیملی بھی جلسہ میں شمولیت کی غرض سے تشریف لائے۔ تمام مہمانوں کو احمدی احباب کے گھروں میں بطور مہمان ٹھہرایا گیا۔ ان احباب جماعت نے تمام مہمانوں کی بخوشی مہمان نوازی کی۔ فجزاھم اللہ احسن الجزاء۔

## پہلا روز ۶ اکتوبر ۱۹۸۴ء

اجلاس اول شروع ہونے سے قبل جلسہ گاہ میں پہلے ظہر و عصر کی نمازیں باجماعت ادا کی گئیں۔

دو بجے بعد دوپہر پہلا اجلاس مکرم و محترم مولانا شیخ مبارک احمد صاحب امیر و مبلغ انچارج امریکہ کی زیر صدارت شروع ہوا۔ تلاوت مکرم مرزا منیر احمد صاحب نے کی اور نظم مکرم جمیل سیٹھی صاحب نے پڑھی۔ جسکے بعد مکرم و محترم مولانا منیر الدین صاحب شمس امیر و مبلغ انچارج کینیڈا نے وہ پیغامات پڑھکر سنائے جو اس جلسہ کے سلسلہ میں انہیں موصول ہوئے تھے۔ ان میں سب سے اہم دو پیغامات سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ کے تھے جو اگرچہ مختصر تھے لیکن ان ہر دو پیغامات میں جماعت کو ان نازک ایام میں بالخصوص حضور نے اپنی ذمہ داریوں کو نباہنے کی طرف توجہ دلاتے ہوئے تبلیغ کرنے کی تاکید فرمائی ہے۔ (یہ پیغامات اسی شمارہ میں شائع کئے جارہے ہیں)۔ حضور اقدس کیطرف سے پیغامات کے علاوہ وزیر برائے سٹیزن شپ اینڈ کلچر، چیئرمین میٹرو ٹورانٹو کونسل اور سکاربرو کے میئر کی طرف سے موصول شدہ پیغامات بھی سنائے گئے۔

ان پیغامات کے بعد جماعت کینیڈا کے نیشنل پریزیڈنٹ مکرم و محترم خلیفہ عبدالعزیز صاحب نے حاضرین جلسہ کو خوش آمدید کہا اور جلسہ اور جماعت کی مختصر تاریخ بیان کی نیز واضح کیا کہ ہم یہ جلسہ امن اور سلامتی کی تبلیغ و ترویج اور مختلف مذاہب کے مابین صلح و آشتی اور اسلام کے زریں اصولوں کے بیان کرنے کیلئے کر رہے ہیں۔ ہماری شدید خواہش ہے کہ دنیا جس تباہی کے دہانہ پر کھڑی ہے، وہ خدا اور اُسکے فرستادوں کے اصولوں پر عمل کرکے اس سے بچ جائے۔ اور اسی جلسہ میں انہی کی نشان دہی کی جائیگی۔

بعد ازاں مکرم و محترم حسن محمد خان صاحب عارف نے "حضرت مسیح علیہ السلام کا مقام از روئے قرآن کریم" پر تقریر کی۔ آپ نے اپنی فاضلانہ تقریر میں مختلف آیات قرآنیہ سے واضح کیا کہ اسلام میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا مقام برگزیدہ اور پاک نبی اللہ کا ہے۔ اور جو الزامات آپ پر لگائے جاتے تھے، انکی تلافی قرآن کریم نے کی ہے۔

آپکے بعد ہمارے مبلغ مقیم وینکوور مکرم و محترم محمد سعید صاحب نے "تربیت اولاد" کے موضوع پر تقریر فرمائی۔ اور بتایا کہ اگر ہم نے اپنی آئندہ نسل کی حفاظت نہ کی تو اسکے ضائع ہوجانیکا خطرہ ہے۔ انکی تربیت کے جو زریں اصول قرآن کریم نے بیان فرمائے ہیں، اُن پر آپنے روشنی ڈالی۔ اپنی تقریر میں آپنے احادیث نبویہ اور حضرت مسیح موعود علیہ السلام اور حضرت المصلح الموعود رضی اللہ عنہ کی تحریرات بھی اسی ضمن میں پڑھکر سنائیں۔ آپکی تقریر سے قبل مکرم اسلام سعید صاحب نے نظم پڑھی اور تقریر کے بعد مکرم و محترم محمد عیسیٰ جان صاحب نے جو ٹورانٹو جماعت کے عالم اور فاضل بزرگ ہیں، اپنے مخصوص انداز میں "مختلف مذاہب کے صحائف کی رُو سے مسیح و مہدی کا تصور" کے موضوع پر تقریر کی۔ مکرم خان صاحب چونکہ عیسائیت کا کافی مطالعہ کیا ہوا ہے۔ اسلئے علاوہ دیگر مذاہب مثلاً ہندومت اور بدھ مت کے آپنے انجیل و تورات کی پیشگوئیوں اور حوالہ جات پڑھکر اور

دیا۔ اور واضح کیا کہ مختلف مذاہب میں جسکا انتظار کیا جا رہا ہے وہ موعود در اصل مختلف وجود نہیں بلکہ یہ ایک ہی مقدس وجود ہے اور وہ حضرت مرزا غلام احمد صاحب قادیانی علیہ الصلوٰۃ والسلام ہیں۔

اعلانات کے بعد چائے کا وقفہ ہوا جسکے بعد دوسرا اجلاس شروع ہوا۔

## پہلا روز دوسرا اجلاس

پہلے روز کا دوسرا اجلاس مکرم و محترم ملک سیف الرحمٰن صاحب مفتی سلسلہ عالیہ احمدیہ کی زیر صدارت ہوا۔ تلاوت مکرم محمد الیاس خان صاحب نے کی اور نظم مکرم مظہر علی زیری صاحب نے پڑھی۔ جسکے بعد مکرم و محترم مرزا محی الدین صاحب صدر جماعت کیلگری نے "آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سابقہ صحائف کی رُو سے" پر مدلل تقریر کی۔ مکرم ڈاکٹر مرزا محی الدین صاحب سلسلہ کے نہایت فاضل مبلغ مکرم و محترم گیانی واحد حسین صاحب مرحوم کے فرزند ہیں اور طرز بیان اپنے والد محترم ہی کا تھا۔ آپنے اپنی تقریر میں مختلف ٹھوس حوالہ جات پیش کئے۔

اس تقریر کے بعد نہایت اہم اور دلچسپ تقریر مکرم و محترم الحاج مظفر احمد صاحب ظفر نیشنل صدر امریکہ جماعت کی ہوئی۔ آپکی تقریر کا موضوع بھی وہ تھا جس نے آج دنیا کے اکثر ممالک کو پریشان کر رکھا ہے کہ موجودہ زمانہ کے سماجی مسائل کا کیا حل ہے؟ اسلام نے جو ان مسائل کا حل پیش کیا ہے۔ اس پر آپنے تقریر کی۔ آپنے نہایت سادگی، روانی اور دل کی گہرائیوں سے اُن امور کی نشاندہی کی جو آج کے معاشرہ کا ناسُور بن چکے ہیں۔ آج علوم اور ٹیکنالوجی کے مرکز امریکہ میں اسکا ایک گیارہ سالہ بچہ اپنے باپ کو یہ کہتا ہے کہ ابا مجھے تمہاری راہنمائی کی ضرورت نہیں میں اب بڑا ہو گیا ہوں۔ اب تم مجھ سے ہدایات لیا کرو۔ آج امریکہ میں ایک بچہ کو یہ جرأت ہو گئی ہے کہ اُسنے عدالت میں اپنے والدین کو طلاق دینے کی درخواست دیدی ہے۔ برادر مظفر احمد صاحب نے اپنی تقریر میں اس بے راہ روی، غلط آزادی اور بے لگام نسل کے انجام کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ اسکا حل صرف اور صرف اسلام میں ہے کہ خدائے واحد سے لو لگائیں اور اسکے احکامات پر چلیں۔

نظم مکرم محمد شریف بخش صاحب نے پڑھی اور پھر مکرم برادر عبدالرشید لطیف صاحب نے اپنی مختصر تقریر میں یہ بیان کیا کہ آپنے کیونکر اور کن حالات میں احمدیت کو قبول کیا؟ واضح رہے کہ آپ ایک عرصہ تک "بیت العافیت" مشن ہاؤس میں آکر ہمارے ساتھ جمعہ پڑھتے رہے ہیں۔ بالآخر آپنے احمدیت قبول کر لی۔ آپ گیانا کے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے فضل سے اب آپ ہر قسم کی مشن کے کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصّہ لیتے ہیں۔

آج دُنیا سماجی مسائل کے علاوہ اقتصادی مسائل کے گورکھ دھندہ میں پھنس کر رہ گئی ہے۔ آج کے اُلجھے ہوئے معاشرہ میں اسکے اقتصادی نظام نے انسان کو حیران و پریشان کر رکھا ہے۔ چونکہ اسلام کا یہ دعویٰ ہے کہ وہ انسانی زندگی کے ہر شعبہ میں راہنمائی مہیّا کرتا ہے اسلئے اس سلسلہ میں اسلام کا متبادل نظام کیا ہے؟ تاکہ انسان امن اور سکون سے رہ سکے، اس کے متعلق مکرم و محترم ڈاکٹر عنایت اللہ صاحب منگلا نے جو برنزوک کی یونیورسٹی میں معاشیات کے پروفیسر ہیں ایک مبسوط مقالہ پڑھا جسمیں اسلامی تعلیم کی رُو سے مالی نظام، نظام زکوٰۃ، نظام اُجرت اور سُود کے مختلف پہلوؤں پر سیر حاصل بحث کی اور اسلامی نقطہ نظر پیش کیا۔

چونکہ یہ جلسہ جماعت احمدیہ کا جلسہ تھا، اسلئے ضروری تھا کہ اسمیں احمدیہ عقائد پر بھی روشنی ڈالی جاتی۔ اس موضوع پر سلسلہ کے عالم مکرم و محترم علی حیدر صاحب اپل مبلغ مغربی کینیڈا (مقیم کیلگری) نے عالمانہ رنگ میں اِن عقائد کی وضاحت سیدنا و امامنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی اپنی تحریرات کی رُو سے کی۔ چند اعلانات کے ساتھ اجلاس کی کارروائی کا اختتام ہوا۔

## دوسرا روز ۷ اکتوبر پہلا اجلاس

دوسرے روز کا پہلا اجلاس نیشنل صدر جماعت کینیڈا مکرم و محترم خلیفہ عبدالعزیز صاحب کی زیر صدارت تلاوت قرآن سے شروع ہوا جو مکرم سیّد وسیم احمد شاہ صاحب نے کی۔ نظم مکرم زاہد راجپوت صاحب نے پڑھی۔ سب سے پہلی تقریر مکرم و محترم سیّد حسنات احمد صاحب کی "حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی چند جھلکیاں" کے موضوع پر تھی۔ ذکر حبیب کے اس محبت بھرے مضمون کو مکرم سیّد حسنات احمد صاحب نے مختصر وقت میں نہایت مؤثر اور دلکش انداز میں حضرت مسیح پاک علیہ السلام کی حیاۃ طیبہ کے بعض اہم اور دلچسپ و ایمان افروز واقعات کی روشنی میں بیان کیا۔

دوران سال سترہ احباب نے جماعت میں شمولیت اختیار کی ان میں ایک کینیڈین Mr. Vern Lahaye ہیں۔ اس سے قبل یہ عیسائیت کے کٹر فرقہ کیتھولک سے تعلق رکھتے تھے۔ (یہ رپورٹ لکھی جا رہی تھی کہ مکرم و محترم مسعود احمد جہلمی صاحب پرائیویٹ سیکرٹری حضرت خلیفۃ المسیح نے فون پر مکرم و محترم مبلغ انچارج صاحب کینیڈا امیر الدین صاحب شمس کو بتایا کہ سیدنا خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ نے محترم شمس صاحب کی درخواست پر کہ وہ ان کا اسلامی نام حضور رکھیں، حضور اقدس نے انکا نام **عطاء الواد** تجویز فرمایا ہے)۔ یہ نوجوان ہمارے احمدی دوست مکرم مسعود احمد خان صاحب حال ہیملٹن کی صحبت، گفتگو، نمونہ اور تبلیغ کے نتیجہ میں جماعت میں شامل ہوئے ہیں۔ چ انہوں نے اپنی قبولیت اسلام کی وجوہات بیان کیں۔ مثلاً اسلام کی عالمگیر اخوت، خدا تعالیٰ کی محبت اور تعلق۔ وحدانیت اور اسلام میں ہر بات عقل اور دلیل سے کرنا۔

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے کینیڈا کی مختلف جماعتیں رفتہ رفتہ منظم اور مضبوط ہو رہی ہیں۔ گذشتہ ایک سال میں حضور اقدس کی تحریکات کے نتیجہ میں تبلیغ کے سلسلہ میں کافی کام ہوا۔ بالخصوص ٹورانٹو میں اور ... میں مستقل طور پر باقاعدگی سے ٹیلی ویژن پر پروگرام اور لٹریچر کی بکثرت تقسیم کی گئی۔ سارے سال کی مختصراً رپورٹ جماعت کینیڈا کے جنرل سیکرٹری مکرم میاں محمد صدیق صاحب نے پیش کی۔ انشاء اللہ اسکا خلاصہ کسی آئندہ اشاعت میں دیا جائیگا۔

جنرل رپورٹ کے بعد مکرم و محترم سیّد یوسف احمد صاحب جو ایٹم کے ماہر ہیں اور کینیڈا جیسے ترقی یافتہ ملک کی NUCLEAR لیبارٹری میں

نے اپنی تقریر میں ایٹمی جنگ جس سے دنیا لرزہ براندام ہے کہ یہ کسی وقت بھی چھڑ سکتی ہے۔ اور انسانیت کا خاتمہ ہو سکتا ہے" کی ہولناکیوں کی تفصیل بیان کی یہ مضمون آپنے لوگوں کو سمجھانے کی خاطر نہایت عام فہم زبان میں بیان کیا۔ صرف ایک بات سے ان ہولناکیوں کا خلاصہ پتہ چل سکتا ہے کہ اس جنگ کے نتیجہ میں انگلستان جو چوبیس کروڑ سے زائد آبادی کا ملک ہے صرف چند بموں سے محض تیس چالیس لاکھ کی آبادی پر مشتمل رہ جائیگا اور باقی سب لوگ جل بھن کر ختم ہو جائینگے۔ آخر میں آپنے بتایا کہ اسلام کے اصولوں پر عمل کرکے ہی دنیا تباہی سے بچ سکتی ہے۔

آپکی تقریر کے بعد مکرم مرزا مبشر احمد صاحب نے نظم پڑھی اور پھر مکرم و محترم کلیم احمد ملک صاحب نے "خاتم النبیینؐ کا صحیح مفہوم" پر مدلل تقریر کی۔ آپنے بتایا کہ جماعت احمدیہ کا ایمان ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبیینؐ ہیں۔ ہاں اسکا اصل مطلب یہ ہے کہ آپؐ افضل الانبیاء اور نبیوں کے سرتاج اور آخری شرعی نبی ہیں، آپؐ سے اعلیٰ نبی نہ کوئی پہلے ہوا اور نہ قیامت تک ہوگا۔ اسکے ثبوت میں مکرم کلیم صاحب نے قرآن کریم اور احادیث سے حوالہ جات پیش کئے نیز حضرت مسیح موعود علیہ السلام سے قبل کے متعدد ائمہ و بزرگان کے اقوال پیش کئے جنکے نزدیک خاتم النبیینؐ کا وہی مفہوم ہے جو جماعت احمدیہ کا عقیدہ ہے۔

آپکے بعد مکرم و محترم مولانا شیخ مبارک احمد صاحب امیر و مبلغ انچارج امریکہ نے "خلافت اور احمدیت" کے نہایت اہم موضوع پر نہایت عمدہ رنگ میں تقریر فرمائی۔ آپ نے واضح کیا کہ اللہ تعالیٰ نے صرف مومنین سے وعدہ کیا ہے کہ وہ انہیں خلافت عطا فرمائیگا۔ آج خدا تعالیٰ کے فضل سے یہ انعام صرف جماعت احمدیہ کو حاصل ہے۔ اسلئے خدا تعالیٰ کی فعلی شہادت ہے کہ احمدی نہ صرف مسلمان ہی ہیں بلکہ مومنین ہیں۔ اس خلافت کے نتیجہ میں اللہ تعالیٰ نے مومنین سے تمکنت کا بھی وعدہ فرمایا ہے۔ آج جماعت احمدیہ کو اگر تکالیف پہنچائی جا رہی ہیں تو صرف اس وجہ سے ہے کہ ان سے خوف اور ڈر ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس جماعت کو تمکنت عطا فرمائی اسلئے اس ڈر سے کہ یہ لوگ مزید ترقی نہ کر جائیں انہیں مٹانے کا وسیع منصوبہ بنایا گیا۔ لوگ جانتے ہیں کہ یہ سب لوگ تعلیم یافتہ ہیں محنتی ہیں، ذہین ہیں اور اپنے فرائض نہایت دیانتداری سے ادا کرتے ہیں خواہ کسی بھی شعبہ میں ہوں۔ اور یہی دوسروں کیلئے خوف کا ذریعہ بن گیا۔ تاریخ گواہ ہے کہ ہم امن پسند ہیں اور ہمارا مقصد صرف یہ ہے کہ اسلام ساری دنیا میں پھیل جائے جسکے لئے ہم دن رات کوشاں ہیں اور یہ توفیق محض خلافت کی برکت سے ہے۔ اسلئے ہم سب کو ہمیشہ خلافت کے دامن کو مضبوطی سے تھامے رکھنا چاہئے کہ سب جماعتی برکات اسی کے ساتھ وابستہ ہیں۔

محترم شیخ مبارک احمد صاحب نے تقریر اردو میں کی اور واضح کیا کہ سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی زبان اردو تھی، آپؑ کی اکثر کتب اردو میں ہیں نیز حاضرین کی اکثریت اردو دان ہے اسلئے میں اردو میں تقریر کرونگا۔

آپکی تقریر کے بعد کھانے اور نمازوں کا وقفہ ہوا۔ سب احباب کی خدمت میں کھانا پیش کیا گیا۔ اسکا خرچ ہمارے ایک احمدی بھائی مکرم عبدالرشید لطیف صاحب نے ادا کیا۔ فجزاہم اللہ احسن الجزاء۔ نماز ظہر و عصر کی باجماعت ادائیگی کے بعد آج کا آخری اجلاس شروع ہوا۔

## آخری اجلاس

جلسہ سالانہ کا آخری اجلاس امیر و مبلغ انچارج کینیڈا مکرم و محترم منیر الدین صاحب شمس کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ ابتداء میں تلاوت قرآن کریم مکرم برکات الٰہی صاحب جنجوعہ صدر جماعت مانٹریال نے کی اور نظم مکرم اقبال احمد خان صاحب آف اوٹاوا نے پڑھی۔ (جلسہ میں ہر نظم کا انگریزی میں ترجمہ بھی سنایا گیا)۔ اس اجلاس کی سب سے پہلی تقریر مکرم و محترم مصطفیٰ ثابت صاحب نے "کلمہ شہادت کی حقیقت" کے موضوع پر کی۔ آپنے بتایا کہ تمام اسلامی تعلیمات اسی کے گرد گھومتی ہیں۔ اور خدا تعالیٰ کی وحدانیت اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو رسول اللہ ماننے اور آپکی تعلیمات پر صحیح رنگ میں عمل کرنے سے ہی نجات ممکن ہے۔

آپکے بعد مکرم و محترم ڈاکٹر خلیل احمد صاحب ناصر جو آجکل امریکہ میں نیویارک کی لانگ آئی لینڈ یونیورسٹی میں پروفیسر ہیں نے "اسلام اور بین الاقوامی تعلقات" پر تقریر کی۔ آپنے اپنی تقریر میں واضح کیا کہ اسلام صلح و آشتی کا مذہب ہے اور سب کے ساتھ دوستی اور صلح کا ہاتھ بڑھاتا ہے۔ اور اسلام نے امن و صلح سے رہنے کا سنہری اصول بیان کیا ہے کہ لا اکراہ فی الدین۔ اسپر عمل کرکے ہی دراصل امن ممکن ہے۔

بعدہٗ مکرم جمیل سعید صاحب نے نظم پڑھی جسکے بعد اختتامی خطاب مکرم و محترم منیر الدین صاحب شمس نے کیا۔ آپنے اپنی تقریر میں بتایا کہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے جماعت کے احباب خدا تعالیٰ کے حضور قربانیاں پیش کر رہے ہیں۔ چنانچہ نومبر ۱۹۸۰ء میں جب آپ یہاں کینیڈا بھجوائے گئے تھے تو کینیڈا جماعت کا سالانہ بجٹ ۵۰ ہزار ڈالرز تھا اور آئندہ سال کا بجٹ جو مرکز میں منظوری کیلئے بھجوایا جا رہا ہے وہ دو لاکھ بہتر ہزار ڈالرز کا ہے۔ تحریک جدید چندہ کا بجٹ الحمدللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ۵ ہزار ڈالرز سے بڑھکر ۴۸ ہزار اور وصولی ۳۲ ہزار ڈالرز ہو چکی ہے حضور اقدس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی تحریک بابت یونٹس و مساجد فنڈ کینیڈا کیلئے وعدہ جات کا ٹارگٹ چھ لاکھ ڈالرز سے بڑھکر قریباً ۷ لاکھ ڈالرز ہو چکا ہے لیکن وصولی صرف قریباً ایک لاکھ ڈالرز ہے۔ اسکی طرف حضور اقدس نے اپنے حالیہ خطوط میں بھی اور فون پر بھی آپکو دس ایک روز قبل توجہ دلائی ہے کہ سب احباب جماعت کو انکی ذمہ داریوں کی طرف توجہ دلائی جائے کہ قربانی کرتے ہوئے فوری طور پر ادائیگیاں کر دیں کیونکہ اگر ادائیگیوں

کی رفتار۔ یہی رہی جو اب ہے تو اُسوقت جبکہ کینیڈا جماعت اس سٹیج پر پہنچے گی اُسوقت دنیا کی دیگر جماعتیں کئی منازل طے کر چکی ہونگی۔ اسلئے محترم امیر صاحب نے تمام احباب جماعت سے اپیل کی کہ اپنے وعدہ جات کی مکمل ادائیگی حضور اقدس کی خواہش اور ارشاد کو مدّ نظر رکھتے ہوئے دسمبر ۸۴ء تک ضرور ادا کر دیں اور جنہوں نے وعدہ جات ابھی تک نہیں لکھوائے وہ جلد اس بابرکت تحریک میں شمولیت کریں۔ اس بارہ میں تمام جماعتوں میں بھر پور مہم چلائی جائے کہ دسمبر تک تمام ادائیگیاں ہو جائیں تا کہ مرکز کا قرض اتار کر مسجد کیلئے زمین خریدی جا سکے۔ مسجد کمیٹی کی سفارش کے مطابق جو ایک زمین مجلس عاملہ کینیڈا کے زیر غور ہے، اسکی تفصیلات حاصل کر کے ماہ اکتوبر ہی میں رپورٹ پیش کرنے کی غرض سے آپنے ایک سب کمیٹی مندرجہ ذیل افراد پر مشتمل تجویز کی:

۱۔ مکرم و محترم چوہدری بشیر احمد صاحب ۲۔ مکرم و محترم منور احمد بٹ صاحب اور ۳۔ مکرم و محترم محمد یوسف خان صاحب

آپنے اپنی تقریر میں احباب جماعت کو اسطرف بھی توجہ دلائی کہ حضور اقدس کی شدید خواہش ہے کہ ہر احمدی خواہ بچہ ہو یا جوان یا بوڑھا۔ مرد ہو یا عورت، تبلیغ میں ہی اپنا وقت صرف کرے۔ آپ نے احباب جماعت کو اپیل کی کہ آج سب عہد کریں کہ **دسمبر ۸۴ء تک** کم از کم **دس غیر از جماعت غیر مسلم احباب کو پیغام حق پہنچائیں** گے۔ نیز یہ بھی عہد کریں کہ جنوری ۱۹۸۵ء سے ہر ماہ کم از کم دس احباب تک ضرور پیغام حق پہنچائیں گے۔ تمام جماعتیں اسکی نگرانی کریں اور باقاعدہ رپورٹیں بھجوائیں۔ پمفلٹس سب جماعتوں کو بھجوائے جا چکے ہیں اگر کسی دوست یا بہن کو ضرورت ہو تو وہ ہم سے منگوا سکتے ہیں۔

آپنے یہ حتمی طور پر کہا کہ فتح بہرحال احمدیت کی ہونی ہے اور اسکے آثار بڑے واضح طور پر نظر آ رہے ہیں۔ اسلئے ذرا ہمّت سے کام لیں اور خدا تعالیٰ کے حضور اپنا سب کچھ پیش کر دیں۔

آخر میں اجتماعی دعا سے قبل آپنے تمام حاضرین اور مہمانوں کا شکریہ ادا کیا جو اپنا قیمتی وقت صرف کر کے تشریف لائے۔ اسیطرح تمام ورکرز کا جنہوں نے کسی رنگ میں بھی جلسہ کو کامیاب بنانے میں مدد کی، شکریہ ادا کیا۔ اللہ تعالیٰ اُن سب کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ آمین۔

پہلے روز کی ابتدائی کارروائی، مکرم و محترم شیخ مبارک احمد صاحب کی تقریر اور دوسرے روز کے آخری اجلاس میں مکرم و محترم شمس صاحب کی تقریر لجنہ میں ٹیلی ویژن سکرین پر دکھائی گئی۔ بقیہ پروگرام لجنہ کا اپنا تھا۔ پہلے روز مینا بازار کا انتظام تھا۔ جسکی آمدنی قریباً ۲ ہزار ڈالرز مسجد فنڈ میں دی گئی ہے۔ جزاہم اللہ احسن الجزاء۔

محترم شمس صاحب نے اپنی آخری تقریر میں لجنہ سے بھی درخواست کی ہے کہ تبلیغ کے بارہ میں فوری طور پر منظم پروگرام بنائیں۔ اور لجنات اپنی اپنی مجالس عاملہ کی میٹنگ نیز عام میٹنگ فوری طور پر کریں جسمیں صرف اسی موضوع پر بات ہو اور فوری اپنی تجاویز اور پروگرام ٹورانٹو مرکز میں بھجوائیں۔

دوران سال غیر معمولی طور پر نمایاں تعاون کرنے پر محترم شمس صاحب نے مکرم کلیم احمد صاحب ملک اور مکرم ناصر احمد صاحب صوفی کے لئے خصوصی دعا کی بھی تحریک کی۔

## بچوں کو انعامات

محترم شمس صاحب نے اعلان کیا تھا کہ جو بچے اور بچیاں قرآن کریم ناظرہ مکمل کریں گے انہیں جلسہ سالانہ کے موقع پر قرآن کریم اور دس ڈالرز بطور انعام دئے جائیں گے۔ چنانچہ آخری اجلاس میں آپکی درخواست پر مکرم و محترم شیخ مبارک احمد صاحب نے ان بچوں اور بچیوں کو یہ انعامات دئے۔ بڑی عمر کی بچیوں کو محترمہ صدر صاحبہ لجنہ کینیڈا نے لجنہ کی طرف انعامات دئے۔ انعام حاصل کرنے والے بچوں اور بچیوں کی تعداد ۳۰ ہے۔ انکے علاوہ ونیکوور اور کیلگری کے جن بچوں نے قرآن کریم ناظرہ مکمل کیا ہے، وہ علاوہ ہیں۔ ان سب بچوں کے نام انشاء اللہ آئندہ اشاعت میں دئے جائینگے۔

## شبینہ اجلاس سوال و جواب

اسی روز شام کو مشن ہاؤس میں مکرم و محترم ملک سیف الرحمٰن صاحب مفتی سلسلہ عالیہ احمدیہ کے ساتھ سوال و جواب کی مجلس ہوئی جو بہت مفید اور دلچسپ رہی۔ محترم ملک صاحب نے قریباً 3 گھنٹے تک مختلف سوالات کے جواب دئے۔ (اسکی بھی ویڈیو ریکارڈنگ موجود ہے جنہیں ضرورت ہو وہ مشن ہاؤس سے خرید سکتے ہیں)

## مجلس شوریٰ

مؤرخہ ۸ اکتوبر کو مشن ہاؤس بیت الحافیت میں شوریٰ مکرم و محترم منیر الدین صاحب شمس کی زیر صدارت صبح ۱۰½ بجے سے لیکر شام ۵ بجے تک ہوئی۔ جسمیں نئی مجلس عاملہ کینیڈا کے ممبران کا انتخاب عمل میں آیا۔ مشنز فنڈ کی وصولی تیز تر کرنے کی غرض سے ایک کمیٹی مندرجہ ذیل افراد پر مشتمل بنائی گئی۔ ① مکرم چوہدری بشیر احمد صاحب ② مکرم نصیر احمد خان صاحب اور ③ مکرم آدم بہاری صاحب۔

مرکز سے لئے گئے قرضہ جات کی ادائیگی کرنے کے سلسلہ میں بھی مشورے کئے گئے نیز طے پایا کہ مختلف تجاویز پر مجلس عاملہ کینیڈا غور کر کے سب جماعتوں کو اطلاع کرے۔

الحمدللہ کہ جلسہ سالانہ بخیر و خوبی اختتام پذیر ہوا۔ براہ کرم اُن تمام احباب کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں جنہوں نے اسے کامیاب بنانے کیلئے کسی رنگ میں بھی کام کیا ہے۔ مختلف دوستوں نے اسبات کا اظہار کیا ہے کہ جلسہ سالانہ پروگرام، وقت کی پابندی، اور انتظام نیز ہر لحاظ سے بہت عمدہ رہا۔ فالحمد للہ علیٰ ذالک۔

## قرارداد

جلسہ سالانہ کے آخری اجلاس میں مکرم و محترم شکیل صدر خلیفہ عبدالعزیز صاحب نے ایک قرارداد پیش کی جسمیں صدر پاکستان سے کہا گیا ہے کہ جماعت کے خلاف غیر اسلامی آرڈیننس فوری طور پر واپس لیا جائے۔ یہ قرارداد متفقہ طور پر منظور کی گئی +